فوری ریلیز کے لیے: 18/7/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کی جانب سے نیو یارک کے باشندوں کو منگل سے شروع ہونے والی گرمی کی شدید لہر کے لیے تیار رہنے کی تاکید

منگل سے جمعرات تک گرمی اور نمی کی بلند سطحوں سے ریاست کے بیشتر حصوں کے متاثر ہونے کا امکان ہے جب گرمی کے انڈیکس کی سطحیں 90 کے اوپری اور 100 کے نچلے درجات میں رہیں گی

گورنر Hochul کی جانب سے شہریوں کو مقامی کولنگ سینٹرز جانے, چاردیواری کے اندر رہنے اور کمزور ہمسائیوں کی خبر گیری کرنے کی تاکید کیونکہ شدید گرمی اور نمی ہر کسی کے لیے خطرناک ہے، بالخصوص معمر افراد اور چھوٹے بچوں کے لیے

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست بھر میں نیویارک کے باشندوں کو منگل سے شروع ہو کر جمعرات تک جاری رہنے والے خطرناک گرم موسم کے لیے تیار رہنے کی تاکید کی، جس دوران گرم درجہ حرارت اور نمی کی معتدل سے بلند سطحوں کے امتزاج کے سبب کچھ جگہوں، بشمول نیو یارک سٹی کے علاقے میں درجہ حرارت کے انڈیکس کی سطحوں کا 90 کے اعداد میں اور ممکنہ طور پر 100 کے نچلے درجات پر پہنچ جانے کا امکان ہے۔

منگل کو، خطرناک حد تک زیادہ گرمی کا خطرہ نیو یارک کے نچلے علاقوں، لانگ آئلینڈ اور نچلے مِڈ ہڈسن کے علاقوں میں ہو گا۔ بدھ تک، ریاست کا زیادہ تر حصہ گرمی اور نمی کی بلند سطح کی لپیٹ میں ہو گا جس دوران درجہ حرارت 95 ڈگری کے قریب رہیں گے۔ جمعرات کو، ریاست کے نچلے علاقوں کو ممکنہ طور پر حرارت کی سب سے خطرناک کیفیات کا سامنا ہو گا جن کے متعلق موجودہ طور پر امکان ہے کہ گرمی کے انڈیکس کی سطحیں 100 ڈگری کے نشان سے اوپر نکل جائیں گی۔

"اگلے چند دن ریاست بھر میں شدید گرمی لے کر آئیں گے جب گرمی کے خطرناک انڈیکس ممکنہ طور پر 100 کے درجوں تک پہنچ جائیں گے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں نیو یارک کے تمام باشندوں کو اس ہفتے گرمی اور نمی کے لیے تیار رہنے اور اگلے دو دن موسم پر قریبی نظر رکھنے کی تاکید کر رہی ہوں۔ نیو یارک کے باشندے ہونے کے ناطے، ہم ایک دوسرے کا خیال رکھتے ہیں، اس لیے ہمسائیوں، بالخصوص معمر افراد، جن کے چھوٹے بچے ہیں اور معذور افراد کی خبر گیری کرنا نہ بھولیں۔"

نیو یارک اسٹیٹ ڈویژن آف ہوم لینڈ سکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "گرمی اور نمی کی بلند سطح کے اثرات اگلے چند دنوں کے دوران خطرناک حالات پیدا کریں گے جن کے نتیجے میں ہیٹ اسٹریس اور بیمار پڑنے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔ نیو یارک کے باشندوں کو ہر ممکن طور پر چاردیواری کے اندر رہنا چاہیے اور بہت زیادہ پانی پی کر پانی کی سطح برقرار رکھنی چاہیے۔ اگر آپ باہر کھلی ہوا میں ورزش کرنا چاہیں یا باہر کام کرنا ہو تو ایسا صبح سویرے یا شام کے اوقات میں کریں جب سورج غروب ہو رہا ہوتا ہے اور درجہ حرارت کی شدت نسبتاً کم ہوتی ہے۔"

"جولائی خصوصاً ہماری ریاست میں گرم ترین عرصوں میں سے ایک ہوتا ہے اور درجہ حرارت بڑھنے کے ساتھ یہ لازمی ہے کہ ہم چھوٹے بچوں کو گاڑیاں، ٹرکس اور وینز گرم ہو جانے کے خطرات سے بچانے کے ساتھ ساتھ اپنے

کمزور ترین شہریوں کو شدید گرمی سے بچانے کے لیے مزید محتاط ہو جائیں،" **نیو یارک اسٹیٹ کے سیکریٹری آف اسٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا جو NYS ڈویژن آف کنزیومر پروٹیکشن کے نگران ہیں۔** "زندگیاں بچانے اور غیر ضروری سانحوں کو روکنے میں مدد کے لیے، میں نیو یارک کے تمام باشندوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ اپنی دیکھ بھال نگہداشت میں آنے والے بچوں اور کسی بھی بچے جس کو وہ خطرے کی زد میں پائیں، کے باحفاظت رہنے کو یقینی بنانے کے لیے چند اہم حفاظتی تدابیر سیکھیں اور احتیاطی تدابیر پر عملدرامد کریں۔"

نیو یارک کے باشندوں کو تازہ ترین معلومات کے لیے مقامی موسمی پیشینگوئیوں پر نظر رکھنی چاہیے۔ موسم پر نظر رکھنے والی خدمات، تنبیہی اطلاعات، رہنمائی اور تازہ ترین پیشینگوئیوں کی ایک مکمل فہرست کے لیے نیشنل ویدر سروع کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ بھی نیو یارک کے باشندوں کو یاد دہانی کرواتا ہے کہ امریکہ میں موسم سے متعلقہ جان لیوا عوامل میں گرمی پہلے نمبر پر ہے۔ گرمی سے ہونے والی اموات اور امراض سے بچا جا سکتا ہے، پھر بھی ہر سال کئی لوگوں کو شدید گرمی کے اثرات سے تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کچھ افراد کو دوسروں کے مقابلے میں گرمی سے متعلقہ امراض کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ نیو یارک کے باشندوں کو چاہیے کہ اپنی اور اپنے پیاروں کی حفاظت کے لیے گرمی سے متعلقہ امراض کے خطرے کے عوامل اور علامات کے متعلق جانیں۔

ہیٹ اسٹروک کی علامات میں یہ شامل ہیں:
- گرم، خشک، سرخ جلد
- نبض تیز ہو جانا
- تیز تیز اور گُھٹ کر سانس لینا
- جسم کا درجہ حرارت °105 سے زیادہ ہو جانا
- حواس کھو بیٹھنا، کچھ سمجھ نہ آنا اور/یا بے ہوش ہو جانا

نیو یارک کے باشندے کولنگ سینٹرز کے پتہ جات کے علاوہ مزید معلومات، اس مقصد کے لیے مختص شدہ ویب پیج پر یہاں سے حاصل کر سکتے ہیں۔

ایجنسی کی تیاریاں
ڈویژن آف ہوم لینڈ سکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز
نیو یارک اسٹیٹ کی ڈویژن آف ہوم لینڈ سکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز (Division of Homeland Security and Emergency Services) کا ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (Emergency Operations Center) موسمی حالات کی نگرانی کر رہا ہے، ہنگامی صورتحال سے مقامی نمٹنے والوں سے رابطہ کر رہا ہے اور مقامی حکومتوں کی جانب سے درکار کسی امدادی کاروائی کے حوالے سے رابطہ کاری کرے گا۔ اسٹیٹ کے وسائل کے حامل ادارے مشکل کا شکار مقامی علاقوں کی معاونت کے لیے اثاثہ جات بروئے کار لانے کے لیے تیار ہیں۔

ڈیپارٹمنٹ آف پبلک سروس
نیو یارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف پبلک سروس (Department of Public Service, DPS) بجلی کے نظاموں کی صورتحال کی نگرانی کرتا رہے گا اور اس ہفتے کی شدید گرمی کے نتیجے میں پیدا ہونے والی اس گھریلو سہولت کے حوالے سے کسی صورتحال سے نمٹنے کے عمل کی نگرانی کرے گا۔ DPS چوٹی کے گھریلو سہولیات کے فراہم کنندگان کے ساتھ اس دوران براہ راست رابطے میں رہا ہے جب وہ اپنے نظاموں کو شدید گرمی کے لیے تیار کر رہے تھے اور اس تمام عرصے کے دوران نظاموں کی حالت پر نظر رکھے گا۔ ضرورت پڑنے پر، گرمی کے اس موقع پر DPS نیو یارک اسٹیٹ کی تمام ایجنسیز کے لیے پیک لوڈ رڈکشن پروگرام کو فعال کرے گا؛ نیو یارک کے خود مختار نظام کو چلانے والے اپنے ہنگامی صورتحال میں درکار امدادی کاروائی کے رضاکارانہ نظام کو حسب ضرورت فعال کریں گے؛ اور نیو یارک کے گھریلو سہولت فراہم کنندگان کے پاس تقریباً 5,500 کارکن دستیاب ہیں، جن کو حسب ضرورت، ریاست بھر میں نقصان کا تخمینہ لگانے، امدادی کاروائی، مرمت اور بحالی کی کوششوں میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ ایجنسی کا عملہ اس سارے عرصے کے دوران گھریلو سہولیات فراہم کنندگان کے کام پر نظر

رکھے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ایجنسیز سب سے زیادہ متاثر علاقوں میں عملے کو موزوں طور پر منتقل کریں۔

<u>گرمی کے حوالے سے تجاویز</u>

بہت زیادہ گرمی موسمی عوامل کے باعث ہر سال ہونے والی ان اموات کا سب سے بڑا سبب ہے جن کو ٹالا جا سکتا ہے، بالخصوص معمر افراد میں۔ امراض پر قابو اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention) کے مطابق، امریکہ میں ہر سال گرمی ایسی 600 اموات کا سبب بنتی ہے جن کو ٹالا جا سکتا ہے۔ شدید گرمی کے دوران محفوظ رہنے میں نیو یارک کے باشندوں کی مدد کے لیے، درج ذیل رہنما ہدایات پر عمل کریں:

تیار رہیں

گرمی کے باعث نڈھال ہو جانے سے بچنے کے لیے احتیاطی تدابیر کرنا اہم ہے؛ اور اس میں شامل ہے کہ دن کے گرم ترین اوقات میں باہر نکلنے سے بچنے کے لیے اپنے نظام الاوقات میں تبدیلی کی جائے اور جس قدر ممکن ہو اپنی خوراک اور پانی کے استعمال میں تبدیلی لائی جائے۔

- پُر مشقت سرگرمیوں اور ورزشوں کو کم کر دیں، خاص طور پر صبح 11 سے سہ پہر 4 بجے کے دوران، جو کہ دھوپ کی شدت کے سخت ترین اوقات ہیں۔
- ورزش صبح سویرے 7 بجے سے پہلے کی جائے۔
- پروٹین کم اور پھل اور سبزیاں زیادہ کھائیں۔ پروٹین نظام انہظام کی گرمی پیدا کرتا ہے اور اس میں اضافہ کرتا ہے، جو پانی کی کمی کا سبب بنتی ہے۔ کھانا مختصر مقدار میں لیکن کم وقفوں سے زیادہ مرتبہ کھائیں۔ نمکین کھانے نہ کھائیں۔
- گرمی کی شدت کے دوران ہر گھنٹے پانی کے دو سے چار گلاس پئیں، چاہیے آپ کو پیاس نہ بھی محسوس ہو۔ الکحول یا کیفین والے مشروبات سے پرہیز کریں۔
- ممکن ہو تو، دھوپ سے دور اور ائیر کنڈیشننگ میں رہیں۔ دھوپ آپ کے جسم کے اندرونی حصے کو گرم کر دیتی ہے، جس کے نتیجے میں پانی کی کمی ہو جاتی ہے۔ اگر ائیر کنڈیشننگ دستیاب نہ ہو تو سب سے نچلی منزل پر، دھوپ سے دور رہیں یا کسی ایسی عوامی عمارت میں چلے جائیں جہاں ائیر کنڈیشننگ ہو۔
- اگر آپ کا باہر جانا ضروری ہو تو اپنے چہرے اور سر کو بچانے کے لیے سن پروٹیکٹر فیکٹر کی بلند ریٹنگ (کم از کم SPF 15) والی سن اسکرین اور ٹوپی استعمال کریں۔
- باہر کھلی ہوا میں ہوں تو کھلے ڈُلے، کم وزن اور ہلکے رنگوں والے لباس پہنیں۔ اپنے جسم پر دھوپ کے ضرورت سے زیادہ حرارت والے اثرات پڑنے اور دھوپ سے جلد جھلس جانے سے بچنے کے لیے جلد کے زیادہ سے زیادہ حصے کو ڈھانپ کر رکھیں۔
- بچوں، پالتو جانوروں یا ایسے افراد جن کو خصوصی دیکھ بھال درکار ہو، کو کھڑی گاڑی میں نہ چھوڑیں، خاص طور پر موسم گرما کیے شدید گرم اوقات کے دوران۔ بند گاڑی کے اندر درجہ حرارت تیزی سے 140 ڈگری فارن ہائیٹ تک پہنچ سکتا ہے۔ اتنے بلند درجہ حرارت کی زد میں آنا چند منٹوں میں جان لے سکتا ہے۔
- ہیٹ ویو کے دوران اپنے ہمسائیوں کی خبر گیری کرنے کی کوشش کریں، خاص طور پر اگر وہ معمر ہوں، ان کے بچے چھوٹے ہوں یا اگر وہ معذور ہوں۔ یقینی بنائیں کہ آپ کے پالتو جانوروں کے لیے خوراک اور پانی وافر مقدار میں موجود ہے۔
- طویل دورانیے کے لیے گرمی کی زد میں رہنا نقصان دہ اور ممکنہ طور پر جان لیوا ہو سکتا ہے۔ 911 پر کال کریں اگر آپ یا آپ کے جاننے والوں میں سے کسی میں گرمی سے بیمار پڑ جانے کی علامات ظاہر ہوں جن میں سر درد، نڈھال ہو جانا، پٹھوں میں درد کی ٹیسیں اٹھنا، چکر آنا اور متلی شامل ہیں۔

بجلی بچائیں

توانائی بچانے کے لیے دانشمندانہ اقدامات کرنا، بالخصوص چوٹی کی طلب کے اوقات کے دوران، نہ صرف چوٹی کے لوڈ کے اوقات میں لوڈ میں کمی لانے میں ریاست کے لیے مددگار ہوتا ہے بلکہ ان اوقات کے دوران بجلی کے

نرخ سب سے زیادہ ہونے کی وجہ سے صارفین کا پیسہ بھی بچاتا ہے۔ توانائی کے استعمال میں کمی لانے کے لیے، بالخصوص چوٹی کے اوقات کے دوران، عوام کو ترغیب دی جاتی ہے بجلی بچانے کے ان کم یا بلا خرچ اقدامات پر عمل کریں:

- سورج کی گرمی اکٹھی ہونے میں کمی لانے کے لیے اپنے گھر کے سورج کے رخ والی سمت کے پردے، کھڑکیاں اور دروازے بند رکھیں۔
- گھر پر نہ ہوں تو ائیر کنڈیشنرز، بتیاں اور دیگر آلات بند کر دیں اور گھر پہنچنے سے تقریباً آدھا گھنٹہ پہلے ائیر کنڈیشنر چلانے کے لیے ٹائمر استعمال کریں۔ تمام آلات کو ایک ہی جگہ سے "بند" کر کے توانائی بچانے کے لیے جدید پاور اسٹرپس استعمال کریں۔
- پنکھے کمروں میں 10 ڈگری ٹھنڈک کا احساس دے سکتے ہیں اور یہ ائیر کنڈیشنرز سے 80 فیصد کم توانائی استعمال کرتے ہیں۔
- ائیر کنڈیشنر خریدتے وقت، انرجی اسٹار کوالیفائیڈ ماڈل تلاش کریں جو عام ماڈل کے مقابلے میں 25 فیصد تک کم توانائی استعمال کرتا ہے۔
- اپنے ٹھنڈک کے اخراجات میں بچت کے لیے اپنے ائیر کنڈیشنر کو 78 ڈگری یا اس سے زیادہ پر رکھیں۔
- اپنے ائیر کنڈیشنر کو کسی ایک کونے کی کھڑکی کے بجائے بیچ میں بنی کھڑکی میں لگائیں تاکہ ہوا کی بہتر حرکت کا موقع بنے۔
- یونٹ کو اپنے گھر کے شمال، مشرق یا سب سے زیادہ سایہ دار رخ پر لگانے پر غور کریں۔ آپ کا ائیر کنڈیشنر براہ راست دھوپ کی زد میں ہو گا تو اس کو زیادہ کام کرنا پڑے گا اور زیادہ توانائی استعمال کرے گا۔
- ٹھنڈی ہوا ضائع ہونے سے بچانے کے لیے ائیر کنڈیشنر کے ارد گرد کی درزوں کو بھرائی کر کے بند کردیں۔
- اپنے ائیر کنڈیشنر کو مؤثر انداز میں فعال رکھنے کے لیے کولنگ اور کنڈنسر کے پنکھوں اور کوائلز کو صاف کریں اور ہر ماہ فلٹر کا معائنہ کریں اور ضرورت پڑنے پر تبدیل کریں۔
- کپڑے دھونے والی مشین، ڈرائیر، ڈش واشر اور اوون جیسی مشینیں صبح سویرے یا رات گئے استعمال کریں۔ اس سے گھر میں نمی اور گرمی کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔
- تیز روشنی والے عام بلبوں کی جگہ توانائی بچانے والے، انرجی اسٹار کوالیفائیڈ روشنی کے بلب استعمال کریں، یوں آپ 75 فیصد تک کم توانائی استعمال کر سکتے ہیں۔
- جس قدر ممکن ہو کھانے کو مائیکروویو میں گرم کریں۔ مائیکروویوز عام اوونز کے مقابلے میں تقریباً 50 فیصد کم توانائی استعمال کرتے ہیں۔
- کپڑے تار پر سکھائیں۔ کپڑے سُکھانے والا ڈرائیر استعمال کرتے وقت ہر مرتبہ بھرنے سے پہلے ڈرائیر کی کپڑوں کے ریشے اکٹھے کرنے والی جالی صاف کرنا یاد رکھیں۔
- آپ اپنے گھر میں جن مختلف طریقوں سے پانی استعمال کر رہے ہیں ان پر نظر رکھیں۔ نہانے کے لیے 30 سے 40 گیلن پانی استعمال کرنے کے بجائے کم بہاؤ والا فوارہ لگائیں جو ایک منٹ میں 3 گیلن سے کم استعمال کرتا ہے۔
- اپنی کپڑے دھونے کی مشین میں درجہ حرارت کی سیٹنگ کو کم کرنے اور ٹھنڈے پانی سے کھنگالنے سے توانائی کے استعمال میں کمی ہو گی۔
- توانائی بچانے کے مزید طریقے یہاں NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

پانی سے حفاظت

کشتی رانی کرنے والوں کو نیو یارک کے پیش کردہ کشتی رانی کے کئی مواقع سے لطف اندوز ہوتے وقت باقاعدہ حفاظتی تدابیر اختیار کرنا چاہیے۔ اسٹیٹ پارکس میرین سروسز بیورو (State Parks Marine Services Bureau) کشتی رانوں کو محفوظ اور ذمہ دارانہ کشتی رانی کے طریقوں پر عمل کرنے کی یاد دہانی کرواتا ہے، جن میں یہ شامل ہیں:

- جب بھی پانی میں جائیں تو ذاتی فلوٹیشن ڈیوائس پہنیں۔ ریاست کا قانون درکار کرتا ہے کہ 12 سال سے چھوٹے بچے پانی میں تیرنے والی کسی بھی سواری پر ہوں تو ذاتی فلوٹیشن ڈیوائس پہنیں۔
- باحفاظت کشتی رانی کا کورس مکمل کریں۔

- اپنی کشتی میں تمام ضروری اشیاء رکھیں اور کشتی کا باقاعدہ معائنہ کریں۔
- محفوظ رفتار برقرار رکھیں۔
- کشتی رانی کے ساتھ الکحول کے استعمال سے گریز کریں۔
- پانی میں جانے سے پہلے ممکنہ طوفانوں کے متعلق جاننے کے لیے موسم کا حال دیکھیں اور اگر گرج سنائی دے تو فوری طور پر کنارے پر باحفاظت ٹھکانے پر جائیں۔

نیو یارک اسٹیٹ آفس آف چلڈرن اینڈ فیملی سروسز کی کمشنر Sheila J. Poole نے کہا، "ہر کوئی گرم ہو جانے والی گاڑیوں میں اموات واقع ہونے کو روکنے میں مدد کر سکتا ہے اور ہماری ریاست میں متوقع بلند درجہ حرارت کے باعث اس کی خاص طور پر فوری اہمیت ہے۔ سب سے پہلے اور اہم ترین یہ ہے کہ کبھی بھی کسی بچے کو گاڑی میں اکیلا نہ چھوڑا جائے، چاہے کھڑکیاں تھوڑی سی کھلی چھوڑی گئی ہوں تب بھی نہیں۔ اور یہ عادت بنا لیں کہ پچھلی سیٹ پر اپنے بچے کی کار سیٹ کے پاس کوئی ایسی چیز رکھیں جس کی آپ کو ضرورت ہو: جیسے چابیاں، بٹوہ یا بریف کیس؛ یا اپنا سیل فون تاکہ گاڑی لاک کرنے سے پہلے آپ کو پیچھے دیکھ لینا یاد دلانے میں مددگار ہو۔ یہ دو اقدامات کسی بچے کی جان بچا سکتے ہیں۔"

نیو یارک اسٹیٹ کی ہیلتھ کمشنر ڈاکٹر Mary T. Bassett نے کہا، "والدین اور سرپرستوں کو کبھی بھی کسی بچے یا پالتو جانور کو گرم گاڑی میں تنہا نہیں چھوڑنا چاہیے، بیشک شیشے نیچے ہی کر دیے گئے ہوں کیونکہ درجہ حرارت چند منٹ میں خطرناک حد تک جا سکتا ہے۔ گرمی سے متعلقہ بیماریوں کی نشانیوں اور علامات سے باخبر ہونا اور موزوں اقدامات کرنا اہم ہے کیونکہ بچے اور پالتو جانور ہیٹ اسٹروک سے ہائپر تھرمیا جیسی بیماریوں میں مبتلا ہو سکتے ہیں بلکہ جان بحق بھی ہو سکتے ہیں۔"

محکمہ موٹر وہیکلز کے کمشنر اور گورنر کی ٹریفک کمیٹی کے چئیر Mark J.F. Schroeder نے کہا، "ریاست بھر میں درجہ حرارت بڑھنے کے ساتھ، میں والدین، نگہداشت کنندگان اور پالتو جانوروں کے مالکان کو تاکید کرتا ہوں کہ اپنی گاڑی کی پچھلی سیٹ پر بچوں اور پالتو جانوروں کی موجودگی کے لیے نگاہ دوڑانے کو اپنے معمول کا حصہ بنا لیں۔ توجہ کسی اور جانب مبذول ہو کر پچھلی نشست پر سوئے ہوئے یا خاموشی سے بیٹھے ہوئے بچے یا پالتو جانور کے متعلق بھول جانا بہت آسان ہے۔ براہ مہربانی گاڑی لاک کرنے سے پہلے دیکھ لیں۔ گاڑیاں بہت تیزی سے گرم ہو جاتی ہیں لہٰذا گاڑی میں کسی بچے یا پالتو جانور کو بہت کم وقت کے لیے چھوڑنا بھی انتہائی خطرناک ہو سکتا ہے؛ اور جب آپ اپنی گاڑی استعمال نہ کر رہے ہوں تو یاد سے دروازے لاک کریں تاکہ بچوں کو موقع نہ ملے کہ وہ گاڑی میں کھیلنے کے شوق میں گاڑی کے اندر داخل ہوں۔"

چپو والی چھوٹی ناؤ کینُو، یا کایاک اور کھڑے ہو کر چپو چلانے والے پیڈل بورڈز چلانے والے لوگوں کو اپنی صلاحیت کا علم ہونا چاہیے اور جب تیز یا مسلسل ہوائیں بڑی لہریں بنا رہی ہوں یا جب وہ تیز بہاؤ میں ہوں تو ان کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنا چاہیے۔ جہاں موٹر بوٹس چل رہی ہوں وہاں چپو والی کشتیاں چلانے والوں کو کنارے کے قریب اور مرکزی گزرگاہوں سے دور رہنا چاہیے۔

آپ اپنے قریب کولنگ سنٹر کہاں تلاش کر سکتے ہیں اور شدید گرمی سے متعلق دیگر ہدایات نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ صحت کے موسم کی ہنگامی صورتحال کے ویب پیج پر جا کر حاصل کر سکتے ہیں۔

باحفاظت کشتی رانی بشمول کشتی رانی کے وقت حفاظت کے کورسز اور نیو یارک اسٹیٹ میں کے آبی تفریح کی فہرستوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے یہاں کلک کریں۔

موسم گرما کی حرارت زمین کی سطح پر اوزون بن جانے کا سبب بن سکتی ہے جو کہ فوٹوکیمیکل سموگ کا ایک بڑا جزو ہے۔ DEC اور DOH اس وقت صحت کے حوالے سے ہوا کے معیار کے متعلق رہنمائی جاری کریں گے جب DEC کے ماہرین موسمیات یہ پیشینگوئی کریں کہ آلودگی کے درجات، اوزون یا ننھے ذرات والے اجزاء، کا ہوا کے معیار کے انڈیکس 100 سے تجاوز کر جانے کا امکان ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ کے متعلق ہوا کے معیار کی پیشینگوئی کی معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418